# اُردو گلدستہ

آٹھویں جماعت کے لیے اردو کی معاون درسی کتاب

4815

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

© NCERT not to be republished

**Urdu Guldasta**
Supplementary Reader for Class VIII

ISBN 978-81-7450-827-0

**پہلا ایڈیشن**
فروری 2008 ماگھ 1929

**دیگر طباعت**
دسمبر 2012 اگھن 1934
جون 2017 آشاڑھ 1939
فروری 2019 ماگھ 1940

**PD 5H SPA**

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ 2008

قیمت : ₹ 60.00

جُملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت حاصل کیے بغیر، اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانیکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی، اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کر کے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظرثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی مہر کے ذریعے یا چپّی یا کسی اور ذریعے ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصوّر ہوگی اور ناقابلِ قبول ہوگی۔

**این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر**

این سی ای آر ٹی کیمپس
سری اروندو مارگ
**نئی دہلی** - 110016 **فون** 011-26562708

108,100 فِٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بناشنکری III اسٹیج
**بنگلور** - 560085 **فون** 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
**احمد آباد** - 380014 **فون** 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
**کولکتہ** - 700114 **فون** 033-25530454

سی ڈبلیو سی کامپلیکس
مالی گاؤں
**گواہاٹی** - 781021 **فون** 0361-2674869

**اشاعتی ٹیم**

| | | |
|---|---|---|
| **ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن** | : | محمد سراج انور |
| **چیف ایڈیٹر** | : | شویتا اُپّل |
| **چیف پروڈکشن آفیسر** | : | ارون چتکارا |
| **چیف بزنس منیجر** | : | ابیناش کُلّو |
| **ایڈیٹر** | : | سید پرویز احمد |
| **پروڈکشن اسسٹنٹ** | : | اوم پرکاش |

**سرورق اور آرٹ**
وی۔ منیشا

این سی ای آر ٹی واٹر مارک 80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ، نئی دہلی نے انا پرنٹ و گرافکس پرائیویٹ لمیٹیڈ، K-347، ادیوگ کیندر ایکسٹینشن-II، سیکٹر III، نوئیڈا، (یوپی) 201306 میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

© NCERT not to be republished

# پیش لفظ

’قومی درسیات کا خاکہ—2005‘ میں سفارش کی گئی ہے کہ بچّوں کی اسکول کی زندگی، ان کی باہر کی زندگی سے ہم آہنگ ہونی چاہیے۔ یہ زاویۂ نظر، کتابی علم کی اس روایت کی نفی کرتا ہے جس کے باعث آج تک ہمارے نظام میں گھر اور سماج کے درمیان فاصلے حائل ہیں۔ نئے قومی درسیات کے خاکے پر مبنی نصاب اور درسی کتابیں اسی بنیادی خیال پر عمل آوری کی ایک کوشش ہے۔ اس کوشش میں مختلف مضامین کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے اور رٹ کر پڑھنے کے طریقۂ کار کی حوصلہ شکنی بھی شامل ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ان اقدامات سے قومی تعلیمی پالیسی 1986 میں مذکور ’تعلیم کے طفل مرکوز نظام‘ کی طرف مزید پیش رفت ہوگی۔

اس کوشش کی کامیابی کا انحصار اس پر ہے کہ سبھی اسکولوں کے پرنسپل اور اساتذہ بچوں میں اپنے تاثرات خود ظاہر کرنے اور ذہنی سرگرمیوں اور سوالوں کے ذریعے سیکھنے کی ہمّت افزائی کریں۔ ہمیں یہ ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ بچوں کو اگر موقعہ، وقت اور آزادی دی جائے تو وہ بڑوں سے حاصل شدہ معلومات سے وابستہ ہو کر، نئی معلومات مرتّب کرتے ہیں۔ آموزش کے دوسرے ذرائع اور محل وقوع کو نظر انداز کرنے کے بنیادی اسباب میں سے ایک اہم سبب مجوّزہ درسی کتاب کو امتحان کے لیے واحد ذریعہ بنانا ہے۔ بچّوں کے اندر تخلیقی صلاحیت اور پیش قدمی کے رجحان کو فروغ دینا اسی وقت ممکن ہے جب ہم آموزشی عمل میں بچوں کو بحیثیت شریک کار قبول کریں اور اُن سے اسی طرح پیش آئیں۔ انھیں محض مقررہ معلومات کا پابند نہ سمجھیں۔

یہ مقاصد اسکول کے معمولات اور طریقۂ کار میں معقول تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ روز مرہ نظام الاوقات (Time-Table) میں لچیلا پن اُسی قدر ضروری ہے جتنی کہ سالانہ کیلینڈر کے نفاذ میں سخت محنت کی تاکہ مطلوبہ ایام کو حقیقتاً تدریس کے لیے وقف کیا جاسکے۔ تدریس اور انداز قدر کے طریقوں سے بھی اس امر کا تعین ہوگا کہ یہ درسی کتاب، بچوں میں ذہنی تناؤ اور اکتاہٹ کا ذریعہ بننے کے بجائے ان کی اسکولی زندگی کو خوش گوار بنانے میں کس حد تک مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ نصابی بوجھ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے نصاب سازوں نے مختلف سطحوں پر معلومات کی تشکیلِ نو اور اسے نیا رخ دینے کی غرض سے بچوں کی

نفسیات اور تدریس کے لیے دستیاب وقت پر زیادہ سنجیدگی کے ساتھ توجہ دی ہے۔ اس مخلصانہ کوشش کو مزید بہتر بنانے کے لیے یہ درسی کتاب سوچنے اور محسوس کرنے کی تربیت، چھوٹے گروپوں میں بحث ومباحثہ کرنے اور عملاً انجام دی جانے والی سرگرمیوں کو زیادہ اوّلیت دیتی ہے۔

این سی ای آر ٹی اس کتاب کے لیے تشکیل دی جانے والی ''کمیٹی برائے درسی کتاب'' کی مخلصانہ کوششوں کی شکرگزار ہے۔ کونسل زبانوں کی مشاورتی کمیٹی برائے زبان کے چیئرمین پروفیسر نامور سنگھ اور اس کتاب کے خصوصی صلاح کار پروفیسر شمیم حنفی کی ممنون ہے۔ اس درسی کتاب کی تیاری میں جن اساتذہ نے حصّہ لیا، ہم ان کے متعلقہ اداروں کے بھی شکرگزار ہیں۔ ہم ان سبھی اداروں اور تنظیموں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنے وسائل، مآخذ اور عملے کی فراہمی میں فراخ دلی کا ثبوت دیا۔ ہم وزارت برائے فروغ انسانی وسائل، حکومتِ ہند کے شعبے برائے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کی جانب سے پروفیسر مرنال مری اور پروفیسر جی۔ پی۔ دیش پانڈے کی سربراہی میں تشکیل شدہ نگراں کمیٹی (مانیٹرنگ کمیٹی) کے اراکین کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت اور تعاون ہمیں دیا۔ باضابطہ اصلاح اور اپنی اشاعت کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے مقصد کی پابند ایک تنظیم کے طور پر این سی ای آر ٹی تمام مشوروں اور آرا کا خیر مقدم کرتی ہے تاکہ کتاب کو مزید غور وفکر کے بعد اور زیادہ کارآمد اور بامعنی بنایا جاسکے۔

نئی دہلی
30/نومبر 2007

ڈائریکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

© NCERT not to be republished

# اس کتاب کے بارے میں

کونسل کے ذریعے پیش کی جانے والی یہ نئی معاون درسی کتاب 'اردو گلدستہ' آٹھویں جماعت کے طالب علموں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ سفرنامے، انشائیے اور ایک کہانی پر مشتمل اس کتاب میں نو اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ طالب علموں کی ذہنی سطح اور ضرورت کے مطابق آسان اور دلچسپ فن پاروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ انھیں پڑھ کر طالب علموں میں غور و فکر کی عادت پیدا ہو اور وہ آزادانہ طور پر اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکیں۔ ہر سبق کے آخر میں سوالات بھی پیش کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر مصنّف کے بارے میں مختصر حالات زندگی بھی شامل کیے گئے ہیں۔

اس خیال سے کہ طلبا پر نصاب کا بوجھ زیادہ نہ ہو، کتاب کی ضخامت کم رکھی گئی ہے۔ کتاب کی تیاری کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جو اردو اساتذہ، ماہرین اور ایک خصوصی صلاح کار پر مشتمل تھی۔ ان سبھی کے اشتراک و تعاون سے اس کتاب کو آخری شکل دی گئی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ مطلوبہ معیار کے مطابق طلبا صحیح اردو سیکھ سکیں گے اور اپنے ادب سے بھی روشناس ہو سکیں گے۔ یہی نہیں بلکہ وہ اردو کی بعض دوسری کتابوں کا مطالعہ کرنے میں بھی دلچسپی لیں گے۔

اردو اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اس کتاب سے متعلق اپنے عملی اور تدریسی تجربات کی روشنی میں ہمیں اپنے مشوروں سے نوازیں تاکہ آئندہ اس کتاب کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

© NCERT not to be republished

# کمیٹی برائے درسی کتاب

## چیئرمین، مشاورتی کمیٹی برائے زبان

نامور سنگھ، پروفیسر ایمرٹس، جواہرلال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

## خصوصی صلاح کار

شمیم حنفی، ریٹائرڈ پروفیسر، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

## چیف کوآرڈی نیٹر

رام جنم شرما، سابق پروفیسر اور ھیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

## اراکین

احمد محفوظ، سینئیر لیکچرر، شعبۂ اردو، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

خالد اشرف، ریڈر، شعبۂ اردو، کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی، دہلی

خالد جاوید، لیکچرر، شعبۂ اردو، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

خالد محمود، ریڈر، شعبۂ اردو، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

زبیدہ حبیب، ریڈر، ٹی ٹی آئی کالج، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

مجتبٰی حسین، ریٹائرڈ ایڈیٹر، این سی ای آر ٹی، مافارر ایجینسی، اے سی گارڈ، حیدرآباد، آندھر پردیش

محمد عارف عثمانی، ٹی جی ٹی اردو، اینگلو عربک سینئیر سیکنڈری اسکول، اجمیری گیٹ، دہلی

© NCERT not to be republished

**مسرّت جہاں**، سینئیرلیکچرر، **سیکنڈری ٹریننگ کالج، مہاپالیکا روڈ، ممبئ، مہاراشٹر**

**سلیم اختر**، ٹی جی ٹی اردو، **جامعہ سینئیر سیکنڈری اسکول، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئ دہلی**

**ذکی طارق**،ڈسٹرکٹ کو آرڈی نیٹر، **ڈسٹرکٹ لٹریسی مشن، وکاس بھون کلکٹوریٹ، راج نگر، غازی آباد، اتر پردیش**

## ممبر کوآرڈی نیٹر

**چمن آرا خاں**، ایسوسی ایٹ پروفیسر، **ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئ دہلی**

© NCERT not to be republished

# اظہارِ تشکر

اس کتاب میں جن مصنفین کے سفرنامے اور انشائیے شامل ہیں کونسل ان سبھی کی شکرگزار ہے۔ اس کتاب کی تیاری کے لیے کونسل کاپی ایڈیٹر ڈاکٹر ارشاد نیرّ، پروف ریڈرس عظیم الدین، اسسٹنٹ ایڈیٹر محمد اکبر اور حسن البنّا، ڈی ٹی پی آپریٹرز شمائلہ فاطمہ، فلاح الدین فلاحی، محمد وزیر عالم اور نرگس اسلام اور کمپیوٹر اسٹیشن انچارج پرش رام کوشک کی تہہ دل سے شکرگزار ہے۔

© NCERT not to be republished

# ترتیب


| | | | |
|---|---|---|---|
| | پیش لفظ | | *iii* |
| | اس کتاب کے بارے میں | | *v* |
| 1. | لِلّی پُٹ کا سفر | جوناتھن سوئفٹ: ترجمہ احمد خاں خلیل | 1 |
| 2. | ہندستان جنّتِ نشان | صالحہ عابد حسین | 7 |
| 3. | سندباد جہازی کا دوسرا سفر | (الف لیلہ سے) | 13 |
| 4. | مجھے میرے بزرگوں سے بچاؤ | کنہیالال کپور | 20 |
| 5. | چند مناظرِ قدرت | ابنِ انشا | 25 |
| 6. | اردو کا ایک انوکھا ادیب ابنِ صفی | ادارہ | 32 |
| 7. | دادی کا شاندار باورچی خانہ | رسکن بونڈ | 35 |
| 8. | ایوریسٹ کی فتح | بچندری پال | 43 |
| 9. | دُنیا کی کہانی | پروفیسر محمد مجیب | 49 |


© NCERT not to be republished

# گاندھی جی کا طلسم

میں تمھیں ایک طلسم دیتا ہوں ۔ جب بھی تم شک وشبہ میں مبتلا ہو جاؤ یا تمھارا نفس تم پر حاوی ہونے لگے تو اس تجربہ کو آزماؤ:

جو سب سے غریب اور کمزور آدمی تم نے دیکھا ہو اُس کی شکل یاد کرو اور اپنے آپ سے پوچھو کہ جو قدم اُٹھانے کے بارے میں تم سوچ رہے ہو وہ اُس آدمی کے لیے کتنا مفید ہوگا۔ کیا اس سے اُسے کچھ فائدہ پہنچے گا؟ کیا اس سے وہ اپنی زندگی اور مقدر پر کچھ قابو پا سکے گا؟ دوسرے لفظوں میں کیا اس سے اُن کروڑوں لوگوں کو سوراج مل سکے گا جن کے پیٹ بھوکے اور رُوحیں بے چین ہیں۔

تب تم دیکھو گے کہ تمھارا شبہ مٹ رہا ہے اور نفس زائل ہو رہا ہے۔

مو. کہ. گاندھی

© NCERT not to be republished